© rasailojaraid.com

**نام کتاب : سیپیاں محبت کی**

**مصنفہ : پروفیسر رضیہ سبحان قریشی سابق پرنسپل عبداللہ گرلز کالج**

**مطبع ناشر : ماہنامہ دنیائے ادب کراچی**

**623.6th فلور ریگل ٹریڈ اسکوائر صدر**

**فون نمبر : 03002797271 اور ویلکم بک پورٹ اردو بازار**

**قیمت/صفحات : ۱۵۰ روپے/ ۱۶۰ صفحات**

پروفیسر رضیہ سبحان قریشی صاحبہ علمی وادبی دنیا میں کسی تعارف کی محتاج نہیں، تعلیمی، انتظامی، گھریلو ذمہ داریاں، ادا کرنے کے ساتھ ساتھ سوشل لائف گزارنا اور قلم کے میدان میں کامیابی کے علم گاڑتے رہنا یقیناً مثالی کارنامہ ہے۔

**محترمہ کے بقول:**

میرا مزاج ہے موجوں سے کھیلتے رہنا۔ طلب سکوں ہو جسے وہ میری حیات نہیں

محترمہ کی شاعری کے اس مجموعہ سے قبل ''سرد آگ'' اور ''خاموش دستک'' شایع ہوکر شعراء سے داد وصول کر چکی ہیں۔ اس کتاب میں حمد بھی ہے نعت بھی غزلیں بھی ہیں اور نظمیں بھی، موجوں کی روانی بھی ہے دریاؤں کا تلاطم بھی سمندر کی گہرائی بھی ہے پہاڑوں کی طرح فکری بلندی بھی با کردار خاتون کا بانکپن بھی ہے متانت وسنجیدگی کا پیکر بھی۔ عہد حاضر کے جنسی شعراء سے جدا اک اپنا جنون ہے اپنی طرح ہے اپنی ادا ہے غرض زندگی کے نشیب وفراز گہرا تجربہ ہے دعا اگلا مجموعہ ہے اس شعر کی تفسیر ہو اور اس ہنر کا شاہکار ہو

مدحت مصطفیٰ کا ہنر آ گیا۔ مجھ گناہ گار کو اور کیا چاہئے

بلبل شہر مدینہ کی نوا کچھ اور ہے۔ اس دیار حسن کی آب وہوا کچھ اور ہے

شاعرہ ہی کے الفاظ میں دعا ہے:

**جو ٹکرانے ہمیشہ گردشوں سے۔ مجھے وہ قوت قلب وجگر دے**

© rasailojaraid.com